www.caarwan.com



# ندیم خطوط



## (بنام حامد یزدانی)

---

السلام علیکم نوید بھائی!

حسبِ وعدہ ندیم خطوط پیشِ خدمت ہیں۔ سرِ دست یہی دست یاب ہیں۔ کبھی پاکستان کا چکر لگا تو چند ایک مزید بھی مل جائیں گے ان شاء اللہ۔ یہ سات خط ندیم صاحب نے سن دو ہزار ایک اور سن دو ہزار چھ کے دوران تحریر کیے۔ انہوں نے مجھے آخری خط اپنی وفات سے کوئی چار پانچ ماہ قبل لکھا تھا۔ یہ خطوط مجھے کینیڈا میں موصول ہوئے جبکہ پاکستان اور جرمنی میں ملنے والے ان کے خط لاہور میں، امید ہے، محفوظ ہوں گے۔ خط کا جواب تحریر کرنے کا ان کا معمول بہت شان دار تھا۔ اب کون اتنا وقت نکال سکتا ہے۔ بہر حال یہ چند خطوط میری یادوں کے تھیلے میں ان مول اور خوب صورت تحائف کی طرح مہکتے رہتے ہیں۔ اللہ پاک ندیم صاحب کے درجات مزید بلند کرے۔ آمین!

نوید بھائی:

میں آپ کی توجہ اور دوستانہ کرم فرمائیوں کا شکریہ کیسے ادا کروں۔۔۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔

آپ کے لیے، آپ کے اہلِ خانہ اور محبین کے لیے بہت سی دعائیں۔

مع السلام

حامد یزدانی

۲۵ نومبر ۲۰۱۹ء

www.caarwan.com


# The FUNOON Quarterly

**Editor:** *Ahmad Nadeem Qasimi*


☎ No: 6304820

Date: ۲۵ - جنوری ۲۰۰۱ء

عزیز حامد صاحب۔ عزیزی ماجد نے آپ کے کینیڈا جانے کا بتایا جبکہ میں آپ کے حوالے سے شمارے کی بھیجتا تھا کہ ملتے ہی نہیں!

اللہ تعالیٰ آپ کو برکت دے اور جس مقصد سے آپ کرۂ ارض کی پشت پر جا بیٹھے ہیں، وہ ہر لحاظ سے پورا ہو۔

منصورہ آپ کو بہت سلام (اور شکریہ) کہہ رہی ہیں۔

نظمیں تینوں معیاری ہیں۔ فنون کی زینت میں اضافہ کریں گی۔

دعا اور محبت کے ساتھ

خیر اندیش

Mian Chambers. 3, Temple Road, Lahore (Pakistan)

www.caarwan.com

۱۰- جنوری ۲۰۰۳

# احمد ندیم قاسمی

فنون۔ میاں چیمبرز ۔3 ٹمپل روڈ لاہور
فون : 6304820 - 6364824
فیکس : 6304820

عزیز مکرم - دعا

آپ کتنے اچھے اور کتنے پیارے ہیں کہ کرۂ ارض کی دوسری طرف رہتے ہیں مگر مجھے اور منصورہ کو ہر اہم تقریب پر یاد کر لیتے ہیں۔ اللہ آپ کو برکت دے اور صحت مند رکھے۔

آپ کا سیدھا سادا اور پیار سے چھلکتا ہوا عید کارڈ ملا۔ بے حد مسرت کا احساس ہوا۔

منصورہ بیٹی کی شادی پر آپ نے جو مختصر مگر نہایت موثر نظم بھجوائی تھی وہ بیٹی کی یادوں کے خزینے میں محفوظ ہے۔ اللہ آپ کا بھلا کرے۔

منصورہ کی طرف سے آداب اور دعا

خیر اندیش

ندیم

www.caarwan.com

۱۵ فروری ۲۰۰۰ء

FUNOON
A STANDARD MAGAZINE
DEVOTED TO LITERATURE & ARTS
PHONE : 6315763

محب عزیز

آپ اتنی محبت سے یاد کرتے اور یاد رکھتے ہیں کہ
جب بھی آپ کا خط آتا ہے، میں خود کو تندرست محسوس کرنے لگتا ہوں
اللہ تعالیٰ آپ کو روحانی اور مادی لحاظ سے آسودہ رکھے۔
منصورہ بیٹی بھی سلام بھجوا رہی ہیں اور دعا کہہ رہی ہے
میں علیل رہنے لگا ہوں اور آپ کی دعا کا محتاج ہوں۔

خیر اندیش
احمد ندیم قاسمی

Editor : AHMAD NADEEM QASIMI
45-A, Mozang Road, Lahore (Pakistan)

www.caarwan.com

# The FUNOON Quarterly

Editorial Board: Ahmad Nadeem Qasimi
Mansoora Ahmad

No: 6304820
Fax: 6304820

Date: ۱۳ - مئی ۲۰۰۴ء

عزیز مکرم ۔ دعا

آپ کا نہایت پیارا خط مل گیا تھا مگر میری مسلسل علالت سے
مجھے آزما رہی۔ افاقہ ہوا تو فنون ۱۲۱ مرتب کرنے اور پیسٹ کرانے بیٹھ
گیا۔ اب ادھر سے فراغت ہوئی ہے تو یہ عریضہ لکھ رہا ہوں۔ آپ نے جس
بے پایاں محبت کا اظہار کیا ہے (اور ہمیشہ کیا ہے) اس نے سرشار کر
رکھا ہے۔ اللہ آپ کو مزید برکت اور مزید عزت دے۔

آپ کی ایک مختصر سی نظم فنون ۱۲۱ میں شامل ہے۔ غزلیں
بہت عمدہ ہیں۔ ان سے فنون ۱۲۲ کی زینت میں اضافہ کروں گا۔

منصورہ بیٹی بہت ممنون ہیں کہ آپ نے ان کے
بارے میں اتنی عمدہ باتیں لکھیں۔ ان کی طرف سے سلام۔

آپ کا خیر اندیش

ندیم

45-A, Mozang Road, Lahore (Pakistan)

# The FUNOON Quarterly

Editorial Board: Ahmad Nadeem Qasimi
Mansoora Ahmad

☎ No: 6304820
Fax: 6304820

Date: ۳-اکتوبر ۲۰۰۶ء

عزیزِ مکرم۔ دعا۔ آپ کا خوبصورت خط مل گیا تھا۔ ساتھ ہی نظم اور غزل بھی۔
غزلیں آئندہ کے فنون ۱۲۳ کے لیے تجویز کر رکھی ہیں مگر نظم "کاسانووا" اسی شمارے
(شمارہ ۱۲۲) میں شامل ہے جو کل چھپ کر تیار ہوا ہے۔

شاید دُوری کی وجہ سے آپ کو علم نہیں ہو سکا کہ میں مجلسِ ترقیٔ ادب
کی ڈائریکٹری کے حوالے سے خود اپنے "پروردگان" کی سازش کا شکار ہو
گیا تھا۔ میں مستعفی ہو گیا مگر وزیرِ اعلیٰ صاحب نے مجھے دوبارہ ڈائریکٹر مقرر کر
دیا۔ انہوں نے میری سالہا سال کے ادارے کے سلسلے میں چند خوبصورت وعدے کیے مگر
افسر شاہی کو یہ وعدے ناپسند تھے اس لیے ان پر عمل درآمد نہ ہوا۔ حد یہ ہے
کہ مجلس بالکل ہی مفلس ہو گئی اور تین چار مہینے تک تو خود میں اپنے عملے کو اپنی
جیب سے تنخواہیں دیتا رہا۔ مگر میری جیب بہت چھوٹی سی تھی۔ جلد خالی ہو گئی
اور آخر مجھے ایک بار پھر اپنے عہدے سے احتجاجاً مستعفی ہونا پڑا۔ اہلِ ادب کے
خاصے اہم حصے نے میرے احتجاجی ردِعمل کا اظہار کیا تو وزیرِ اعلیٰ صاحب نے ایک بار پھر میرا
استعفیٰ نامنظور کر کے مجلس کا ڈائریکٹر مقرر کر دیا۔ آج کل ان دنوں سے گزر
رہا ہوں اور کوشاں ہوں کہ کم سے کم اب تک تو وزیرِ اعلیٰ کے ارشادات
پر عمل ہو جائے۔ چلیے۔ دو چار مہینے رک کر دیکھتے ہیں۔

میری صحت کمزور ہے۔ اسٹما کا مریض ہو چکا ہوں مگر علاج باقاعدگی سے
کر رہا ہوں اور دعا کا طالب ہوں۔
اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنی امان میں رکھے۔

میرے لائق کوئی خدمت؟

آپ کا خیر اندیش
ندیم

منصورہ بیٹی آپ کے خط کی [illegible] سطریں پڑھ کر بے حد مسرور ہوئی۔
آپ کو دعا دیتی ہے۔ وہ بدستور میرا گھر اور میرا کام سنبھالے ہوئے ہے۔ اللہ
تعالیٰ اس کی ہمت برقرار رکھے۔ ندیم

45-A, Mozang Road, Lahore (Pakistan)

www.caarwan.com


# سہ ماہی فنون

مورخہ: ۳۰- جنوری ۲۰۰۶ء

فون اور فیکس: 6304820

ادارۂ تحریر: احمد ندیم قاسمی
منصورہ احمد


محبی عزیز حامد صاحب۔ سلام و دعا

آپ مجھے جس محبت سے یاد رکھتے ہیں، اس کے لیے زیر بار اور بے حد و حساب ممنون ہوں کہ آپ کی یاد آوری سرشار کر دیتی ہے۔ جیتے رہیے۔ اللہ آپ کو ہمیشہ کامرانیوں سے سرفراز فرمائے۔

میں دمے کا مریض ہو چکا ہوں اور اسی ضمن میں کئی بار ہسپتالوں میں پڑا رہا ہوں۔ بہرحال اب چلتا پھرتا ہوں اور کوشش ہوتی ہے کہ گھر میں پڑا نہ رہ جاؤں۔ میری واحد مصروفیت فنون کی ایڈیٹنگ ہے۔ باقی سب کام منصورہ بیٹی انجام دیتی ہے۔

تازہ کلام بھجوایا ہے۔ آپ کا کلام گزشتہ شمارے (۱۲۵) میں شامل ہو چکا ہے۔

ایک بار پھر آپ کی عنایات کا شکریہ ادا کر رہا ہوں۔

طالب دعا احمد ندیم

www.caarwan.com

سہ ماہی
# فنون

ادارۂ تحریر: احمد ندیم قاسمی
منصورہ احمد

مورخہ: ۱۴ - فروری ۲۰۰۶ء

فون اور فیکس: 6304820

عزیز مکرم۔ سلام محبت

آپ کی طرف سے تہنیتی خط ملتا ہے تو بے حد مسرت محسوس ہوتی ہے کہ ہم لوگ آپ کی یاد میں زندہ ہیں۔

غزل اور نظم کا دلی شکریہ۔ دونوں عمدہ ہیں۔

اب کے تو یہاں بھی سردی کی انتہا ہو گئی مگر آپ تو برفوں میں رہتے ہیں۔ آپ کو اس سردی سے کیا شکایت ہو سکتی ہے۔ شکایت ہم جیسوں کو ہوتی ہے کہ موسم کی شدت کی وجہ سے مرض (دمہ) میں بھی شدت پیدا ہو جاتی ہے۔

میں آپ کو محبت سے یاد رکھتا ہوں۔

دعا اور محبت

آپ کا احمد ندیم

سہ ماہی فنون ۱/۴۵ اے، مزنگ روڈ، لاہور (پاکستان)